شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

28اپریل2023ء

پریس ریلیز

حکومت اور اپوزیشن میں مذاکرات کا آغاز خوش آئند ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): حکومت اور اپوزیشن میں مذاکرات کا آغاز خوش آئند ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ ہم امید رکھتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ یہ مذاکرات کامیاب ہوں اور ملک سیاسی لحاظ سے ہیجانی کیفیت سے باہر نکلے کیونکہ مذاکرات کی ناکامی پاکستان کو خانہ جنگی کی طرف دھکیل سکتی ہے۔ ایک سال سے غیر یقینی سیاسی صورتِ حال نے پوری قوم کو اضطراب کا شکار کیا ہوا ہے۔ علاوہ ازیں معاشی بدحالی عروج کو پہنچ چکی ہے جس سے غریب اور متوسط طبقہ بُری طرح پِس گیا ہے۔ اور پوری دنیا میں پاکستان کا امیج مسخ ہوا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ غور کرنے کی ضرورت ہے کہ آزادی کے پون صدی بعد بھی مذہبی، سیاسی اور معاشی لحاظ سے ہم ابتری کا شکار کیوں ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان اسلام کے نام پر حاصل کیا گیا لیکن ہم نے کارِ سرکار اور طرزِ زندگی میں سیکولرازم کو داخل کر دیا ہماری سیاسی غیر یقینی اور معاشی بدحالی اسی دہرے پن کا ہی نتیجہ ہے۔ اُنہوں نے زور دے کر یہ بات کہی کہ جس جمہوریت کے قصیدے بیان کیے جاتے ہیں اُس کے بنیادی اور زریں اصول تو اسلام ہی نے دنیا کو فراہم کیے ہیں اور خلفائے راشدین کے دور میں مسلمان ان سنہری اصولوں پر انتہائی خوش اسلوبی سے عمل پیرا رہے۔ اگر ہم نے اُس نسخہ کیمیا پر خلوص سے عمل کیا ہوتا جو اللہ تعالیٰ نے ہمیں نبی اکرم ﷺ کی وساطت سے عطا فرمایا ہے تو نہ صرف یہ کہ ہم یوں باہم دست و گریباں نہ ہوتے بلکہ نظامِ مصطفی ﷺ کی برکات سے پوری دنیا کو لیڈ کر رہے ہوتے۔ لہٰذا ہم سمجھتے ہیں اب بھی وقت ہے کہ ہم لوٹ آئیں، ہم رجوع کر لیں تو ہماری بگڑی بن سکتی ہے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Friday 28 April 2023

"The commencement of dialogue between the government and the opposition is a welcome development."

Lahore (PR): "The commencement of dialogue between the government and the opposition is a welcome development."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that we hope and pray that these negotiations come to fruition and that Pakistan may see an end put to its present state of political turmoil, because in the case that these talks fail, Pakistan can very well be goaded into a civil war. Uncertain polity for over a year has brought the entire nation to the brink of trepidation. Furthermore, economic crisis has reached an ominous state of catastrophe, putting severe strain on the lower and middle classes. Pakistan's image has been maimed around the globe. He said that one must contemplate on the reasons why we are suffering from religious, political and economic decay even after seventy-five years of independence. The reality is that we acquired this country on the basis of Islam, but unfortunately injected our governance structure and day-to-day lifestyle with secularism, and thus, our political uncertainty and economic woes are the result of such contradictions. He emphasized that the fundamental and crucial groundwork of the democratic system, which is praised so highly in the world today, was provided by Islam itself, and the Muslims were acting based on those golden principles with great magnificence during the era of the rightly-guided Caliphs. If we had sincerely followed that alchemical miracle (The Holy Qur'an) which Allah *(SWT)* has bestowed upon us courtesy of the Prophet Muhammad *(SAAW)*, then not only would we have avoided the present mutual conflicts, but would also have been global leaders through the blessings of the Nizam e Mustafa *(SAAW)*. Nevertheless, we believe that there is still time to turn back and provided that we indeed repent our matters may still be set aright.

Issued by
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan